NYC DDC Department of Design and Construction

NYC Environmental Protection

پانی کی بندش کا نوٹس

توجہ فرمائیں:
تعمیراتی کام کے سبب اس عمارت میں پانی کی بندش کی جائے گی

منصوبہ #: ____________________

تعمیراتی کام کی تاریخ(تواریخ): ____________________

بندش کے اوقات: ______________ a.m. / p.m. سے ______________ a.m. / p.m.

DDC فیلڈ کے دفتر کا فون نمبر: ____________________

کمیونٹی کے تعمیراتی کام میں معاونت کاری: ____________________

پیش تعمیری ہدایات (گھروں کے مالکان / نگران)

- گھر کا مین والو بند کر دیں۔ اپنے گھر/عمارت کا پانی کا مین والو بند کرنا ان مسائل سے بچنے میں مدد فراہم کرے گا جو آپ کے پلمبنگ کے نظام میں کنکروں کے داخلے یا اخراج کی صورت میں وقوع پذیر ہو سکتے ہیں۔
- گرم پانی کے ہیٹر کے اوپر موجود گرم پانی کا صرف ایک نل کھلا چھوڑ دیں۔
- وہ تمام آلات بند کر دیں جنہیں ٹھنڈا پانی درکار ہو، جیسا کہ کچھ ایئر کنڈیشنرز۔
- یہ یقینی بنانے کی خاطر پڑتال کریں کہ اسٹیم بوائلر میں پانی کی وافر مقدار موجود ہے۔
- تمام گھریلو استعمالات کے لئے وافر مقدار میں پانی ذخیرہ کریں۔

پانی کی بندش کے ممکنہ اثرات (رہائشی)

رنگ دار پانی

اگر آپ کا پانی بھورا یا زرد نظر آتا ہے، تو یہ رنگت ایک عارضی حالت ہے اور اس سے مضر آلودگی کے عناصر کی نشان دہی نہیں ہوتی۔ تاہم، نہ رنگ دار پانی پیئں نہ ہی اس سے کھانا پکائیں اور تب تک نل سے پانی بہاتے رہیں جب تک کہ صاف اور ٹھنڈا نہ ہو جائے۔

کلورین کی بُو

پانی کے مرکزی کام میں استعمال کردہ پائپ کی صفائی کے عمل کے سبب پانی میں کلورین کی بُو ہو سکتی ہے۔ یہ وقت کے ساتھ ختم ہو جائے گی۔

کم پریشر

جب پانی کو دوبارہ کھولا جائے گا تو آپ کو کم پریشر کا سامنا ہو سکتا ہے۔ آپ کو دھونکنی (ہوادار آلہ) کو کنکروں سے صاف کرنے کی، یا اپنے فریج میں پانی کا فلٹر تبدیل کرنے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔ اگر مسئلہ برقرار رہتا ہے تو صبح کے وقت DDC کے فیلڈ کے دفتر سے رابطہ کریں۔

کھلی آتشیں آب گاہ (Open Fire Hydrants)

آپ کھلی ہوئی اور فعال آتشیں آب گاہ بھی دیکھ سکتے ہیں۔ ایسا سسٹم کو صاف کرنے کے لئے کیا گیا ہے۔ انہیں کبھی کبھار رات بھر کے لئے فعال کر کے چھوڑا جا سکتا ہے۔ اس کی اطلاع دینے کی ضرورت نہیں ہے، ماسوائے تب کہ اگر سیلابی صورتحال پیدا ہو جائے۔

اگر آپ کی پانی کی سروس واپس بحال نہیں ہوتی تو:

- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے گھر/عمارت کا پانی کا مین والو واپس کھول دیا گیا ہے۔ اگر آپ ایک سے زائد خاندان والے گھر میں یا اپارٹمنٹ کی عمارت میں رہائش پذیر ہیں، تو اپنی عمارت کے نگران سے پڑتال کروائیں۔
- پانی کی سروس کی بحالی میں تاخیر ہو سکتی ہے۔ پڑتال کریں کہ آیا پڑوسیوں کے گھر پانی آ رہا ہے۔ اگر نہیں، تو ممکن ہے کہ عملہ گرد و پیش میں کام کر رہا ہو۔
- نل کھولیں اور ہوا کی سنسناہٹ سنیں۔ اگر آپ کو ہوا کی سنسناہٹ سنائی دے، تو نل کھلا چھوڑ دیں اور پانی جلد بہنا شروع ہو جائے گا۔
- اس نوٹس میں درج کردہ نمبر پر DDC کے فیلڈ کے دفتر سے رابطہ کریں۔

نیویارک شہر کا پانی در حقیقت ہمارے ریزروائر سسٹم سے صارفین کو فراہم کیے جانے کے وقت لیڈ سے پاک ہوتا ہے۔ تاہم، پانی کچھ عمارتوں اور گھروں میں فراہمی کی لائنوں اور اندرونی پلمبنگ کے نظام سے لیڈ جذب کر سکتا ہے۔ جبکہ NYC اس لیڈ کی مقدار کو گھٹانے کی خاطر موزوں اقدامات کرتا ہے جو ان کے نل کے پانی میں مالک مکان کے پلمبنگ کے نظام/سروس لائن کے ذریعے حل ہو سکتا ہے، جن میں پانی یا نکاسی آب کی مرکزی تعمیرات کے دوران پانی کی سروس کی بندش یا سروس لائن میں معمول کی رکاوٹ پذیری شامل ہیں جس سے آپ کے پانی میں لیڈ کی سطح آپ کے اندرونی پلمبنگ کے نظام میں لیڈ موجود ہونے کی صورت میں عارضی طور پر بڑھ سکتی ہے۔ حفاظتی اقدام کے طور پر، ہم آپ کو پانی کو بہانے کی تجویز دیتے ہیں اگر رنگ داری 15 منٹ سے طویل ہو جائے، یا جب تک صاف نہ ہو جائے۔

اگر آپ کے NYC کے پانی کے معیار سے متعلق کوئی سوالات ہیں یا آپ گھریلو لیڈ کی جانچ کی مفت کٹ کے حصول کی درخواست کرنا چاہتے ہیں، تو 311 پر کال کریں یا nyc.gov/dep/leadindrinkingwater پر جائیں۔ لیڈ کے صحت پر ہونے والے اثرات کے بارے میں مزید معلومات www.cdc.gov/nceh/lead/leadinwater/default.htm پر دیکھی جا سکتی ہیں.

বাংলা কপির জন্যে, অনুগ্রহ করে nyc.gov/watershutoff ওয়েব সাইটে যোগাযোগ করুন

Pour lire ce document en français, visitez nyc.gov/watershutoff

Per una traduzione in italiano, visitare nyc.gov/watershutoff

للحصول على نسخه باللغة العربية، الذهاب إلى nyc.gov/watershutoff

ملاحظ کریں nyc.gov/watershutoff اردو ترجمے کے لئے

פֿאַר אַ קאָפּיע אין יידיש, באַזוכן nyc.gov/watershutoff

Para una copia en español, visite nyc.gov/watershutoff

中文翻译, 请访问 nyc.gov/watershutoff

Для копии на русском языке, посетите nyc.gov/watershutoff

Pou yon kopi nan lang kreyòl ayisyen, vizité nyc.gov/watershutoff

,한국어 복사본이 필요하시면 .nyc.gov/watershutoff 를 방문하여 주세요

Dla kopii w języku polskim, odwiedzić nyc.gov/watershutoff